ISSUE 28 JUL-DEC 2020

# PULSE

NEWSLETTER




PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE

PMEX

YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE

## Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX)

is Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). Shareholders of PMEX include National Bank of Pakistan (NBP), Pakistan Stock Exchange Limited (PSX), ISE Towers REIT Management Company Limited, LSE Financial Services Limited, Pak Brunei Investment Company limited, ZaraiTaraqiati Bank limited and Pak Kuwait Investment Company limited.

The Exchange offers a diverse range of domestic and international commodities and financial futures. With a sophisticated infrastructure based on state-of-the-art technology, PMEX provides a complete suite of services, i.e. trading, clearing and settlement, custody as well as back office, all under one roof. PMEX's international affiliations include memberships of Association of Futures Markets (AFM), Futures Industry Association (FIA) and Memorandum of Understanding (MoUs) with Borsa Istanbul, Izmir Commodity Exchange, Dubai Gold & Commodity Exchange, Dalian Commodity Exchange, Iran Mercantile Exchange and Belarusian Universal Commodity Exchange.




**Disclaimer**
This newsletter is for information purpose only and does not constitute an offer or solicitation to make an investment in Commodity Futures Contracts which carries risk. Any views, expressions or opinions expressed in this document are solely for providing information to readers.

Publication of the Marketing Dept. of PMEX
Design by: d.Studio
Printer: Appletree Graphics

# CONTENT


01 PMEX to Revolutionize Trading of Agricultural Commodities

03 PMEX Appoints Chief Operating Officer

03 PMEX Offers a Full Suite of Trading Services under MT5

04 PMEX to Introduce Digital Payment Services

05 Awareness Programs

06 PMEX at Career Fairs

07 Circulars and Notifications

08 Top Ten Brokers

09 PMEX Highlights

10 Price Trends of Commodities



**Pakistan Mercantile Exchange Limited**

**Head Office:** 3B, 3rd Floor, Bahria Complex IV,
Ch. Khalique-uz-Zaman Road, Gizri, Karachi – 75600, Pakistan.
UAN: (+92-21) 111-623-623
Fax: (+92-21) 35155-022
Email: info@pmex.com.pk

**Islamabad Office:** Office No. G-9(B), ISE Towers, Jinnah Avenue
Blue Area, Islamabad. Tel: (+92-51) 2894003-4

**Lahore Office:** Office # 01, P2 Floor Ali Tower, 105- B2,
M.M Alam Road Gulberg 3, Lahore. Tel: (+92-42) 35752825-6

**Customer Support Services**
UAN: (+92-21) 111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk

# PMEX to Revolutionize Trading of Agricultural Commodities



Agriculture plays a central role in the economy of Pakistan. Over the years, this sector has been instrumental in achieving food security, boosting exports, and earning foreign exchange for the country. It provides raw material to two of the large-scale manufacturing industries - textiles and sugar. In terms of potential, the agriculture sector of Pakistan not only produces for the domestic population but has surplus production for exports.

However, despite having enormous potential, the agriculture sector has played a limited role in Pakistan's economy due to some inherent problems. One of the stumbling blocks to progress is the lack of documentation from production to retail sales. Moreover, small farmers find it difficult to access credit due to the non-availability of acceptable collateral resulting in either borrowing funds from non-banking sources for the purchase of inputs or to sell the commodities at low prices to the middlemen to meet urgent financial needs, which deprives them of earning a fair profit.

To cater to the above, Government of Pakistan (GoP) led by the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) is working closely with the relevant institutions to establish and implement the Electronic Warehouse Receipt (EWR) System, which will play a vital role in developing a domestic market for indigenous agricultural commodities. The initiative aims at improving the performance of the agricultural sector thereby stimulating economic growth and alleviating poverty.

Under the proposed mechanism, the introduction of EWR will provide three options to the farmers:

1) Safekeeping of commodities to avoid post-harvest losses and initial price decline
2) Trading EWR at PMEX platform to efficiently dispose of the produce at a fair price
3) Using EWR as collateral for borrowing from financial institutions. This will facilitate the farmers to borrow funds from formal banking system at competitive interest rate, avoid distress selling and get a fair return on their produce.

The introduction of EWR System is expected to revolutionize the agriculture landscape of the country and yield a myriad of benefits to all the key stakeholders of the agriculture value chain.

It will help the GoP to document the agricultural sector and realize the ultimate objective of achieving food security. The added advantage will be the expansion of tax net. Other significant benefits include standardization of commodities through grading, and reduction in post-harvest losses.

Moreover, the country will earn an additional foreign exchange by exporting the saved quantities.

Similarly, it would encourage investment in high-quality warehouses and their management systems throughout the country, thereby creating investment and employment opportunities.

Finally, the trading of EWR at PMEX will create a vibrant, unified national market for agricultural commodities. The Exchange is confident that creation of a Pan-Pakistan market will help in revitalizing the agricultural sector of the country.

# PMEX Appoints Chief Operating Officer



PMEX has appointed Mr. Adnan Hafeez as Chief Operating Officer (COO). The new role of Mr. Hafeez became effective from December 01, 2020.

Mr. Hafeez has vast experience in Accountancy, Audit, Finance, and IT in various sectors in Pakistan and Gulf countries. He has led business transformations, process improvements and system deployments. Also, he has optimized resource utilization other than his strong finance expertise. He has been part of senior management in various roles and has provided consultancy and derived strategic decisions. He holds an MBA Finance degree from International University of Missouri (Pakistan campus).

Pakistan's first Collateral Management Company (CMC) has commenced its operations. The CMC has the important task of accreditation of the warehouses. It will approve the warehouses for storing commodities and issuing EWR. At present, PMEX has successfully integrated its system with CMC to offer an end-to-end trading facility for EWRs. Further, the Exchange, in collaboration with CMC, has selected commodities to be traded in the form of EWRs and developed their respective grades.

Moving forward, PMEX plans to integrate the EWR trading platform with the Global Commodities Trading Platform (GCTP), which is expected to be operational by June 2021. GCTP is an e-commerce platform to showcase local commodities to international buyers enabling them to purchase graded commodities (as per international standards) from the platform and have them delivered to a port of their choice bypassing the entire trade finance mechanism. Connecting GCTP to CMC/EWR system seamlessly would enable CMC participants to offer their produce to local as well as international buyers. In case of international buyers, GCTP will act as an exporter on behalf of these producers and take care of the entire export process.

PMEX is confident that such integration will enhance the marketplace for local producers by allowing them to sell their products to local as well as global customers.

# PMEX Offers a Full Suite of Trading Services under MT5

As part of its technology infrastructure up-gradation initiative, the Exchange has successfully switched its entire trading system to Meta Trader 5 (MT5), a globally acclaimed multi-functional trading platform. This up-gradation has brought the front-end trading terminal and the back-office system onto a single technological platform of MT5. The Exchange is confident that the technological up-gradation will provide market participants with an enhanced trading experience that is at par with the global standards.

The MT5 platform offers a wide variety of features allowing market participants to manage their trading operations more effectively and conveniently. The features include:

## 1. Trading & Orders

The MT5 platform provides up-to-date account information along with a powerful trading system. This platform also offers Market Depth, a separate accounting of orders and trades, the support of all types of trading orders and execution modes.

## 2. Charts

With MT5 Charts, the market participants can visually monitor financial instruments' quotes in real-time and respond instantly to any market changes. Moreover, the market participants can customize charts based on their choice and analyze quotes using technical indicators and objects.

## 3. Technical Analysis

The MT5 offers an elaborate set of tools for the comprehensive technical analysis including 38 technical indicators, 44 analytical objects, 21 timeframes, 1-minute history, unlimited number of charts.

## 4. Economic Calendar

The Economic Calendar is a fundamental market analysis tool, which provides useful information about macroeconomic events. Using the economic calendar, the market participants can keep track of the key events and evaluate their effect on futures markets. Further, the information about economic indicator releases can help market participants to formulate informed trading decisions and forecast future market developments.

## 5. News

This feature allows the market participants to keep themselves abreast with the daily, hourly, and minute-by-minute market information. Moreover, this tool serves as an intelligent curation of the financial media's most insightful stories.

## 6. Push Notifications

Through this feature, market participants now receive push notifications on the MT5 mobile application. Once market participants download MT5 mobile application for iOS or Android, they will start getting timely alerts

and other updates from Exchange through push notifications on their mobile phones.

### 7. Web Platform

The MT5 web platform allows market participants to trade futures from any browser and any device. All the functions that are available in the MT5 desktop platform can be accessed directly on the MT5 web platform. With an internet connection, market participants can access their accounts and trade in just a couple of clicks. Trading on the Web platform is safe, while any transmitted information is securely encrypted.

### 8. Mobile Platform

The mobile trading platform is available for Android or iOS on smartphones or tablets. The mobile version supports the full set of trading functions, allows monitoring of account status and viewing of trading history, among other things.

### 9. Enhanced Back Office functionality

The market participants can now enjoy an enhanced back-office functionality.

# PMEX to Introduce Digital Payment Services

In today's day and age, digital technology is rapidly shaping the blueprint of how business interacts with customers and how it delivers intuitive and frictionless customer experience anytime, anywhere on any device. Now customers often rate organizations on their digital customer experience first. When it comes to payments, digital has become a customers' preferred means of transacting.

PMEX fully understands the changing needs of modern-day customers and has embraced technology to deliver on their expectations with a seamless customer experience. At present, the Exchange, under the Direct Funds Model (DFM), directly collects funds from clients as well as transfers funds into the bank accounts of clients without the involvement of broker(s). The DFM empowers the clients to get complete control of their assets at all times and restricts the role of the brokers primarily to service the existing clients and solicit new business. The DFM uses a manual process making funds collection and withdrawal time-consuming and cumbersome.

To streamline the DFM for providing a fast, frictionless customer experience for funds deposits and withdrawals, the Exchange, in collaboration with Cloudasset, has set up a unified digital transaction platform. This platform will enable digital payments, which will help the market participants to settle transactions in real-time and track credit and debit flows with end-to-end transparency and convenience.

PMEX is confident this initiative will encourage the market participants to actively invest, trade, and hedge in commodity Futures at its regulated platform.

# Awareness Programs

## Futures Training 101

The Exchange conducted several online training sessions under the banner "Futures Trading 101". A wide array of people from different walks of life participated in these sessions. The training provided in-depth knowledge about futures trading at a regulated platform of PMEX. The weekly free-of-cost online training sessions are held on every Wednesday from 4:00 pm to 5:00 pm.



## Webinars for Educational Institutes

PMEX organized webinars for the students and faculty members of City University (Peshawar), Iqra University, Quaid-e-Azam University and NUML University (Islamabad). The participants were briefed about commodity futures trading at a regulated platform, Exchange's integrated business model, technology infrastructure and existing and upcoming products. To acquaint newcomers with commodity trading, the students were briefed about MetaTrader 5 Demo Trading facility.



# PMEX at Career Fairs

PMEX participated in career fairs organized by Habib University and Bahria University. The purpose of participation in these fairs was to offer an opportunity to new and graduating students along with the alumni to meet the team of Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange and discuss with them the opportunities of internships and employment.

Ms. Faiza Hussain, Head of Human Resources, conducted engaging and interactive sessions. She briefed the students and the faculty members about the core business of the Exchange with especial emphasis on recruitment process. The participants watched the presentation with keen interest and also actively participated in Q&A sessions.






# Circulars and Notifications

**August 24, 2020**
All the market participants were informed that the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) was soliciting public comments on the amendments to PMEX General Regulations, 2007. All concerned were advised to send written comments on the proposed amendments to PMEX in writing or through email latest by August 31, 2020.

**September 10, 2020**
All the market participants were informed that as per the directive of the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) trading rights of M/s. FinTech (Private) Limited has been suspended with immediate effect due to the violation of PMEX General Regulations.

**September 24, 2020**
All the market participants were informed that the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has approved the Rule Book of PMEX on September 18, 2020 that has become effective immediately.

**September 29, 2020**
All the market participants were informed that the timeline for registering existing customers in the KYC Database has been further extended till December 31, 2020.

**September 30, 2020**
All the market participants were informed that National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL) has revoked relaxation in performing Biometric Verification effective October 01, 2020. Accordingly, for all new accounts opened from October 01, 2020 and onwards, the requirements of NCCPL's CKO Regulations shall be applicable.

**October 20, 2020**
All the market participants were informed that the SECP as per its directive dated October 20, 2020 has removed the suspension of trading rights of M/s FinTech (Pvt.) Limited with immediate effect.

**October 20, 2020**
All the market participants were informed that with effect from October 26, 2020, the Exchange will switch its entire trading system to Meta Trader 5 (MT5). They were advised to ensure at the earliest, all their clients'MT5 accounts are enabled and the clients are aware of the functionalities.

**October 21, 2020**
All the market participants were informed about switching over of entire trading system of the Exchange to Meta Trader 5 (MT5).

**October 29, 2020**
All the Brokers were informed that due to daylight saving ending in the U.S., the market timings for international commodity futures have been revised with effect from Monday, November 02, 2020.

# TOP TEN BROKERS

July – December, 2020

| Ranking | Based on Traded Contracts | Based on Traded Value |
|---|---|---|
| 1 | H.G Markets (Pvt.) Limited | H.G Markets (Pvt.) Limited |
| 2 | Enrichers (Pvt.) Limited | Enrichers (Pvt.) Limited |
| 3 | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited | Blink Capital Management (Pvt.) Limited |
| 4 | Askari Securities Limited | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited |
| 5 | JS Global Capital Limited | Askari Securities Limited |
| 6 | BIPL Securities Limited | Zahid Latif Khan Securities (Pvt.) Limited |
| 7 | Blink Capital Management (Pvt.) Limited | BIPL Securities Limited |
| 8 | Trust Securities Brokerage Limited | JS Global Capital Limited |
| 9 | Abbasi & Co. (Pvt.) Limited | Value Stock Securities (Pvt.) Limited |
| 10 | Zafar Securities (Pvt.) Limited | Khawaja Securities (Pvt.) Limited |

**November 02, 2020**
All concerned were informed that PMEX intends to list more futures contracts, subject to the approval of SECP and details have been placed on PMEX website. All the market participants were advised to send their comments to the Exchange latest by November 09, 2020.

**November 24, 2020**
All market participants were informed that due to the unavailability of liquidity provider in ICorn, IWheat, and ISoybean contracts, these will be designated as dormant, after the expiry of current contracts.

**November 25, 2020**
All the market participants were informed that the SECP as per its directive dated November 25, 2020 has removed the suspension of trading rights of M/s Royal Securities (Pvt.) Limited with immediate effect.

Total contracts traded

**1,509,021**

Total Rupee Value Traded

**1,295.848** billion


Number of Brokers active

**46**


# PMEX Highlights

# پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں


## PMEX VOLUME COMPARISON WITH PAKISTAN STOCK EXCHANGE
**in PKR Billions**





## TRADED VOLUME




## VOLUME OF 14 MAJOR COMMODITIES
**in PKR Billions**




## NEW UNIs



# دس سرفہرست بروکرز

جولائی ۔ دسمبر2020ء

| درجہ | تجارتی معاہدوں کی بنیاد پر | تجارتی مالیت کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ۱ | ایچ ۔جی مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ | ایچ ۔جی مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۲ | این ریچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | این ریچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۳ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | بلنک کیپٹل مینجمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۴ | عسکری سیکیورٹیز لمیٹڈ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۵ | جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ | عسکری سیکیورٹیز لمیٹڈ |
| ۶ | بی آئی پی ایل سیکیورٹیز لمیٹڈ | زاہد لطیف خان سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۷ | بلنک کیپٹل مینجمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ | بی آئی پی ایل سیکیورٹیز لمیٹڈ |
| ۸ | ٹرسٹ سیکیورٹیز بروکریج لمیٹڈ | جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ |
| ۹ | عباسی اینڈ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ | ویلیواسٹاک سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۱۰ | ظفر سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | خواجہ سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |

کل تجارتی معاہدے

**1,509,021**

کل تجارتی رقم

**1,295.848**

بلین روپے

ایکٹیو بروکرز کی تعداد

**46**

### 02 نومبر 2020ء

تمام متعلقین کو آگاہ کیا گیا کہ پی ایم ای ایکس مزید فیوچرز کنٹریکس کی لسٹنگ ایس ای سی پی سے باقاعدہ اجازت کے بعد کرے گا۔ان کی تفصیل ایکسچینج کی ویب سائٹ پر آویزاں کردی گئی ہیں۔ مارکیٹ کے شرکاء کو یہ ہدایت بھی کی گئی کہ وہ اس سلسلے میں اپنی آراء ایکسچینج کو 09 نومبر 2020ء تک ارسال کردیں۔

### 24 نومبر 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ لیکویڈٹی پرووائیڈر کی جانب سے لیکویڈٹی کی عدم دستیابی کی وجہ سے آئی کارن، آئی ویٹ اور آئی سویابین رواں کنٹریکس کے خاتمہ کے بعد ڈارمینٹ قرار دے دیئے جائیں گے۔

### 25 نومبر 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ ایس ای سی پی نے اپنے ڈائریکٹیو بتاریخ 25 نومبر 2020ء کے ذریعے رائل سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ٹریڈنگ رائٹس کی معطلی فوری طور پر ختم کردی ہے۔

# سرکلرز اینڈ نوٹیفکیشنز

## 24 اگست 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے پی ایم ای ایکس جنرل ریگولیشنز 2007 میں ترامیم کی ہیں اور ان کے بارے میں عوام الناس سے رائے حاصل کی جارہی ہے۔ تمام متعلقین کو ہدایت کی گئی کہ وہ تجویز کردہ ترامیم کے بارے میں اپنی آراء تحریری طور پر یا بذریعہ ای میل پی ایم ای ایکس کو 31 اگست 2020 تک ارسال کردیں۔

## 10 ستمبر 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ہدایت کے مطابق فن ٹیک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ٹریڈنگ رائٹس پی ایم ای ایکس جنرل ریگولیشنز 2007 پر عمل درآمد نہ کرنے کی وجہ سے فوری طور پر معطل کردیے گئے ہیں۔

## 24 ستمبر 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ایکسچینج کی رول بک کی 18 ستمبر 2020ء کو منظوری دے دی ہے جو فوری طور پر نافذ العمل ہوگی۔

## 29 ستمبر 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ موجودہ کسٹمرز کی کے وائی سی ڈیٹا بیس میں رجسٹریشن کی تاریخ میں 31 دسمبر 2020ء تک توسیع کردی گئی ہے۔

## 30 ستمبر 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو مطلع کیا گیا کہ نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان (این سی سی پی ایل) نے بائیومیٹرک ویری فکیشن کے لیے فراہم کردہ نرمی 01 اکتوبر 2020 سے منسوخ کردی ہے۔ اس لیے جو اکاؤنٹ 01 اکتوبر 2020 اور اس کے بعد کھولے جائیں گے ان پر این سی سی پی ایل کی سی کے او کی ریگولیشنز کا اطلاق ہوگا۔

## 20 اکتوبر 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ ایس ای سی پی نے اپنے ڈائریکٹیو بتاریخ 20 اکتوبر 2020ء کے ذریعے فنٹیک (پرائیویٹ) لمیٹڈ پر عائد ٹریڈنگ رائٹس کی معطلی فوری طور پر ختم کردی ہے۔

## 20 اکتوبر 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ ایکسچینج اپنا ٹریڈنگ سسٹم مکمل طور پر میٹا ٹریڈر 5 (ایم ٹی 5) پر 26 اکتوبر 2020 کو منتقل کردے گا۔ انہیں یہ بھی ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے تمام کلائنٹس کے اکاؤنٹ ایم ٹی 5 کے قابل بنادیں اور انہیں اس کے کام کرنے کے بارے میں مکمل آگاہی فراہم کردیں۔

## 21 اکتوبر 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ ایکسچینج نے اپنا ٹریڈنگ سسٹم مکمل طور پر میٹا ٹریڈر 5 (ایم ٹی 5) پر منتقل کردیا ہے۔

## 29 اکتوبر 2020ء

تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ امریکی مارکیٹ میں ڈے لائٹ سیونگ کی معیاد کے خاتمہ کی وجہ سے انٹرنیشنل کموڈٹیز فیوچرز مارکیٹ کے اوقات کار میں پیر بتاریخ 02 نومبر 2020ء سے تبدیلی کردی گئی ہے۔

# پی ایم ای ایکس کی ملازمت کی مہم میں شرکت

پی ایم ای ایکس نے حبیب یونیورسٹی اور بحریہ یونیورسٹی میں ہونے والی ملازمت مہم میں شرکت کی۔ اس مہم میں شرکت کا مقصد ان اداروں میں آنے والے نئے اور پاس ہونے والے طلباء کی ملک کے پہلے اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج کی ٹیم کے ساتھ ملاقات تھی اور ان کو ایکسچینج کی جانب سے انٹرن شپ اور ملازمت کے بارے میں معلومات فراہم کرنا تھی۔

فائزہ حسین ہیڈ آف ہیومن ریسورس نے ان باہمی دلچسپی کے پروگرامز کو ترتیب دیا۔ انہوں نے طلباء اور فیکلٹی ممبرز کو ایکسچینج کے بنیادی کاروبار کے بارے میں آگاہی فراہم کی جس کا محور ملازمت کے حصول کا طریقہ تھا۔ شرکاء نے پریزنٹیشن میں گہری دلچسپی لی اور سوال جواب کے مرحلہ میں بھرپور شرکت کی۔







# آگاہی پروگرامز

## فیوچرز ٹریننگ 101

ایکسچینج نے فیوچرز ٹریننگ کے تحت مختلف ٹریننگ پروگرامز آن لائن منعقد کیے۔ ان سیشنز میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ممکنا سرمایہ کاروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس ٹریننگ کے ذریعے ان کو ایک ریگولیٹڈ ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر ٹریڈنگ کرنے کی وسیع معلومات فراہم کی گئیں۔ یہ بلا معاوضہ ٹریننگ پروگرامز ہر بدھ 4 سے 5 بجے کے درمیان منعقد کیے جاتے ہیں۔





## تعلیمی اداروں کے لیے ویب نارز

پی ایم ای ایکس نے سٹی یونیورسٹی پشاور، اقراء یونیورسٹی، قائداعظم یونیورسٹی اور نمل یونیورسٹی (اسلام آباد) کے طلباء اور فیکلٹی ممبرز کے لیے ویب نارز منعقد کیے۔ شرکاء کو ایک ریگولیٹڈ ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ، ایکسچینج کے باہم مربوط بزنس ماڈل، ٹیکنالوجی انفرااسٹرکچر اور موجودہ اور مستقبل میں متعارف کرائی جانے والی پراڈکٹس کے بارے میں بتایا گیا۔ نوواردگان کو کموڈٹی ٹریڈنگ سے آگاہ کرنے کے لیے میٹا ٹریڈر 5 کے تحت فراہم کی جانے والی ڈیمو ٹریڈنگ کی سہولت کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔

### ۷ ۔ ویب پلیٹ فارم

ایم ٹی 5 کا ویب پلیٹ فارم مارکیٹ کے شرکاء کو سہولت فراہم کرتا ہے کہ فیوچرز میں کسی بھی براؤزر یا ڈیوائس کے ذریعے ٹریڈ کر سکتے ہیں۔وہ تمام فنکشنز جو ایم ٹی 5 ڈیسک ٹاپ پلیٹ فارم پر فراہم کیے گئے ہیں۔ایم ٹی 5 ویب پلیٹ فارم پر براہ راست استعمال کر سکتے ہیں۔انٹرنیٹ کنکشن کی مدد سے مارکیٹ کے شرکاء اپنے اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور ٹریڈ کر سکتے ہیں۔ویب پلیٹ فارم پر ٹریڈنگ محفوظ ہے کیونکہ ٹرانسمٹ کی جانے والی انفارمیشن محفوظ طریقے سے انکرپٹ کی جاتی ہے۔

### ۸۔ موبائل پلیٹ فارم

موبائل ٹریڈنگ پلیٹ فارم اینڈرائیڈ یا آئی او ایس استعمال کرنے والے اسمارٹ فونز اور ٹیبلیٹس پر دستیاب ہے۔موبائل ورژن تمام ٹریڈنگ فنکشنز کو سپورٹ کرتا ہے، اکاؤنٹ اسٹیٹس کی مانیٹرنگ کی اجازت دیتا ہے اور دیگر سہولتوں کے علاوہ ٹریڈنگ ہسٹری کو دیکھنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

### ۹۔ بہتر بیک آفس فنکشنیلیٹی

مارکیٹ کے شرکاء اب بہتر بیک آفس فنکشنیلیٹی سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

## پی ایم ای ایکس میں ڈیجیٹل پیمنٹ سروس کا تعارف

موجودہ زمانے میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی تیزی سے ان طریقوں کی تشکیل کر رہا ہے کہ کس طرح کاروبار میں کسٹمرز کے ساتھ تعلقات استوار کیے جائیں اور کس طرح ان کو بہترین خدمات فراہم کی جاسکیں۔کسی بھی وقت، کسی بھی جگہ اور کسی بھی قسم کی مشینوں پر۔آج کل کسٹمرز اداروں کی اپنے ڈیجیٹل تجربہ کی بنیاد پر ریٹنگ کرتے ہیں۔جب ادائیگیوں کا موقع ہو تو ڈیجیٹل طریقہ ٹرانزیکشن مکمل کرنے کا ترجیحی پسند ہوتا ہے۔

پی ایم ای ایکس موجودہ زمانے کے کسٹمرز کی بدلتی ہوئی ضروریات کو مکمل طور پر سمجھتا ہے اور جدید ٹیکنالوجی حاصل کی ہے تاکہ ان کی توقعات پر پورا اتر سکے اور ان کو بغیر کسی رکاوٹ کے خدمات فراہم کر سکے۔اس پس منظر کو مدنظر رکھتے ہوئے پی ایم ای ایکس نے ڈائریکٹ فنڈ ماڈل (ڈی ایف ایم) متعارف کرایا جس نے ایکسچینج کو اس قابل بنایا کہ وہ کلائنٹس سے براہ راست رقم وصول کرتا ہے اور ان کے اکاؤنٹس میں ادائیگیاں ٹرانسفر کرتا ہے، بروکر کی شمولیت کے بغیر۔مختصر لفظوں میں ڈی ایف ایم کلائنٹس کو اس قابل بناتا ہے کہ ان کو اپنے اثاثوں پر بروقت مکمل کنٹرول ہوتا ہے اور بروکرز کو ان کے حقیقی کردار تک محدود کر دیتا ہے جو موجودہ کلائنٹس کو خدمات فراہم کرنا اور نئے بزنس کا حصول ہے۔

ڈی ایف ایم کی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے اور کسٹمرز کو بلا رکاوٹ فنڈز ٹرانسفر اور رقم کی واپسی کے لیے ایکسچینج نے کلاؤڈ ایسٹ کے ساتھ شراکت کی ہے جس کے تحت ایک یونیفائڈ ڈیجیٹل ٹرانزیکشن پلیٹ فارم تشکیل دیا جا رہا ہے۔اس پلیٹ فارم کے ذریعے ڈیجیٹل پیمنٹ ہو سکیں گی۔جس کے ذریعے مارکیٹ کے شرکاء کے لیے ریئل ٹائم کی بنیاد پر ٹرانزیکشن مکمل کرنا ممکن ہوگا اور کریڈٹ اور ڈیبٹ کو شفافیت اور سہولت کے ساتھ ابتداء سے آخر تک ٹریک کیا جا سکے گا۔

پی ایم ای ایکس کو اعتماد ہے کہ یہ شروعات مارکیٹ کے شرکاء کی حوصلہ افزائی کرے گی کہ وہ ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر کموڈٹی فیوچرز میں انویسٹ، ٹریڈ اور ہیج کریں۔

# پی ایم ای ایکس کی جانب سے ایم ٹی 5 کی مکمل سہولیات کا تعارف

اپنے ٹیکنالوجی انفرااسٹرکچر کو مزید بہتر بنانے کے عمل پر کام کرتے ہوئے پی ایم ای ایکس نے اپنے ٹریڈنگ کے نظام کو مکمل طور پر میٹاٹریڈر 5 (ایم ٹی 5) پر منتقل کر دیا ہے۔ یہ ایک بین الاقوامی طور پر مانا ہوا ملٹی فنکشنل ٹریڈنگ پلیٹ فارم ہے۔ اس اپ گریڈیشن سے فرنٹ اینڈ ٹریڈنگ ٹرمنل اور بیک آفس سسٹم ایم ٹی 5 کے ٹیکنالوجی پلیٹ فارم منتقل کر دیئے گئے ہیں۔ ایکسچینج کو یقین ہے کہ اس ٹیکنالوجیکل اپ گریڈیشن سے مارکیٹ کے شرکاء کو ٹریڈنگ کا خوشگوار تجربہ ہوگا جو بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ ہوگا۔

ایم ٹی 5 پلیٹ فارم مارکیٹ کے شرکاء کو بہت سے فیچرز فراہم کرتا ہے جس کے ذریعے وہ اپنے ٹریڈنگ آپریشنز کو زیادہ مؤثر اور سہل طریقہ سے انجام دے سکیں گے۔ اس میں درج ذیل فیچرز شامل ہیں:

MetaTrader 5

## ۱۔ ٹریڈنگ اینڈ آرڈرز

ایم ٹی 5 پلیٹ فارم تازہ ترین اکاؤنٹ انفارمیشن ایک مضبوط ٹریڈنگ سسٹم کے ساتھ فراہم کرتا ہے۔ یہ پلیٹ فارم مارکیٹ کو ڈیپتھ فراہم کرتا ہے۔ آرڈرز اور ٹریڈز کی الگ الگ اکاؤنٹنگ کرتا ہے۔ تمام قسم کے ٹریڈنگ آرڈرز اور عمل درآمد کے طریقہ کار کو سپورٹ کرتا ہے۔

## ۲۔ چارٹس

ایم ٹی 5 کی مدد سے مارکیٹ کے شرکاء اس قابل ہوں گے کہ ریئل ٹائم کی بنیاد پر اپنے فنانشل انسٹرومنٹس کی قیمتوں کی مانیٹرنگ کر سکیں اور مارکیٹ میں ہونے والی تبدیلیوں کی بنیاد پر فوری قدم اٹھا سکیں۔ مزید برآں مارکیٹ کے شرکاء اپنی پسند کے مطابق چارٹس تیار کر سکیں گے اور کوٹس کو ٹیکنیکل انڈی کیٹرز اور اوبجیکٹس کی مدد سے انالائیز کر سکیں گے۔

## ۳۔ ٹیکنیکل انالسس

ایم ٹی 5 کمپری ہینسو ٹیکنیکل انالسس بہت سے ٹولز فراہم کرتا ہے جس میں 38 ٹیکنیکل انڈی کیٹرز، 44 انالیٹیکل اوبجیکٹس، 21 ٹائم فریمز، ون منٹ ہسٹری اور بے شمار چارٹس شامل ہیں۔

## ۴۔ اکنامک کلینڈرز

اکنامک کلینڈر ایک فنڈامنٹل انالسس ٹول ہے جو میکرو ایونٹس کے بارے میں مفید معلومات فراہم کرتا ہے۔ اکنامک کلینڈر کو استعمال کرتے ہوئے مارکیٹ کے شرکاء ان اہم ایونٹس کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں جو فیوچرز مارکیٹ پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ مزید برآں اکنامک انڈی کیٹرز کے اجراء کے بارے میں معلومات کی بنیاد پر مارکیٹ کے شرکاء ٹریڈنگ کے بارے میں بہتر فیصلہ کر سکتے ہیں اور مارکیٹ میں مستقبل میں آنے والی تبدیلیوں کے بارے میں پیش گوئی کر سکتے ہیں۔

## ۵۔ خبریں

اس سہولت کے ذریعے مارکیٹ کے شرکاء روزانہ، ہر گھنٹے اور ہر منٹ مارکیٹ کے بارے میں جاری ہونے والی معلومات سے خود کو آگاہ رکھ سکتے ہیں۔ مزید برآں اس سہولت کو استعمال کرتے ہوئے فنانشل میڈیا میں جاری ہونے والی بصیرت انگیز خبروں کو محفوظ کیا جا سکتا ہے۔

## ۶۔ پش نوٹیفکیشنز

اس فیچر کے ذریعے مارکیٹ کے شرکاء اب پش نوٹیفکیشنز ایم ٹی 5 کی موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے وصول کر سکتے ہیں۔ جب مارکیٹ کے شرکاء ایم ٹی 5 ایپلیکیشن آئی او ایس یا اینڈرائیڈ ڈاؤن لوڈ کر لیتے ہیں تو ان کو الرٹس اور اپ ڈیٹس، جو ایکسچینج پش نوٹیفکیشنز کے ذریعے بھیجتا ہے، ان کے موبائل فون پر وصول ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

اسی طرح ملک میں اعلیٰ معیار کے ویئرہاؤسز کے قیام اوران کے لیے مینجمنٹ سسٹمز میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی ہوگی جس سے ملک میں سرمایہ کاری اور ملازمت کے مواقع بڑھیں گے۔

آخر میں، پی ایم ای ایکس پر ای ڈبلیو آر کی ٹریڈنگ ملک میں ایک مستحکم اور باہم مربوط قومی مارکیٹ کے قیام میں مددگار ثابت ہوگی۔ ایکسچینج کو یقین ہے کہ ملک بھر میں پھیلی مربوط مارکیٹ زراعت کے شعبہ کو دوبارہ مضبوط بنانے میں بھرپور کردار ادا کرے گی۔

# پی ایم ای ایکس میں چیف آپریٹنگ آفیسر کی تقرری



پی ایم ای ایکس میں عدنان حفیظ کی بحیثیت چیف آپریٹنگ آفیسر تقرری کی گئی ہے۔ انہوں نے 1 دسمبر 2020ء کو اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔

عدنان حفیظ کا اکاؤنٹینسی، آڈٹ، فنانس اور آئی ٹی کا مختلف سیکٹرز میں پاکستان اور خلیجی ریاستوں میں کام کرنے کا وسیع تجربہ ہے۔ وہ بزنس ٹرانزیکشنز، پروسیس امپرومنٹ اور سسٹم ڈیپلائمنٹ کی سربراہی کر چکے ہیں۔ وہ اپنی فنانس کی اعلیٰ مہارت کی وجہ سے ریسورسز کا بہتر استعمال کر چکے ہیں اور ان کی مالیاتی شعبہ میں وسیع مہارت ہے۔ وہ سینئر مینجمنٹ لیول پر یا تو مشاورت فراہم کرتے رہے ہیں یا اسٹرائیجک فیصلوں میں اہم کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ ان کے پاس ایم بی اے فنانس کی ڈگری ہے جو انہوں نے انٹرنیشنل یونیورسٹی آف میسوری (پاکستان کیمپس) سے حاصل کی ہے۔

پاکستان کی پہلی کولیٹرل مینجمنٹ کمپنی (سی ایم سی) نے کام کرنا شروع کر دیا ہے۔ کمپنی کو اہم ذمہ داری دی گئی ہے کہ وہ ملک میں موجود ویئرہاؤسز کے معیار کی تصدیق کرے۔ یہ ان ویئرہاؤسز کی منظوری دے گی جہاں کموڈٹیز کو رکھ کر ای ڈبلیو آر جاری کی جائیں گی۔ فی الوقت پی ایم ای ایکس اپنے نظام کو سی ایم سی کے سسٹمز کے ساتھ جوڑ چکی ہے جس کے ذریعے ای ڈبلیو آر کی ٹریڈنگ کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ ایکسچینج سی ایم سی سے مشاورت سے ان کموڈٹیز کو چن چکی ہے جن کے لیے ای ڈبلیو آر جاری کی جائیں گی اور ان کے لیے معیار بھی تیار کر لیے گئے ہیں تا کہ ان کی گریڈنگ کی جا سکے۔

آنے والے دنوں میں پی ایم ای ایکس کا منصوبہ ہے کہ ای ڈبلیو آر کے ٹریڈنگ پلیٹ فارم کو گلوبل کموڈٹی ٹریڈنگ پلیٹ فارم (جی سی ٹی پی) سے جوڑ دے جو جون 2021ء تک آپریشنل ہو جائے گا۔ جی سی ٹی پی ایک ای کامرس پلیٹ فارم ہے جہاں لوکل کموڈٹیز بین الاقوامی خریداروں کو فروخت کے لیے پیش کی جائیں گی تا کہ تصدیق شدہ معیار (بین الاقوامی معیار) کی کموڈٹیز اس پلیٹ فارم پر خرید سکیں اور اپنی پسند کی پورٹ پر ڈیلوری وصول کر سکیں۔ یہ سب موجودہ نظام سے الگ ہوگا۔

جی سی ٹی پی کو سی ایم سی / ای ڈبلیو آر کو بغیر کسی رکاوٹ کے منسلک کرنے سے سی ایم سی کے شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ اپنی مقامی طور پر پیدا ہونے والی کموڈٹیز کو مقامی اور بین الاقوامی خریداروں کو پیش کر سکیں۔ بین الاقوامی خریداروں کے لیے جی سی ٹی پی بطور ایکسپورٹر کام کرے گا اور ایکسپورٹ کے عمل کو مکمل کرے گا۔

پی ایم ای ایکس کو یقین ہے کہ یہ باہم منسلک کرنے کا عمل مارکیٹ کو وسعت دے گا جہاں مقامی پروڈیوسرز مقامی اور بین الاقوامی خریداروں کو اپنی پراڈکٹس بیچ سکیں گے۔

# پی ایم ای ایکس کی جانب سے ایگری کلچرل کموڈٹیز کی ٹریڈنگ میں انقلابی تبدیلیاں



زراعت پاکستان کی معیشت میں ایک مرکزی کردار ادا کرتی ہے۔گذشتہ سالوں میں اس شعبہ نے خوراک کی خودکفالت کے حصول میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے، برآمدات بڑھائی ہیں اور ملک کے لیے زرمبادلہ کمایا ہے۔ یہ ملک کی دو بڑی صنعتوں ٹیکسٹائل اور چینی کے لیے خام مال فراہم کرتی ہے۔اس شعبہ کی استعداد کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ یہ نہ صرف مقامی آبادی کی ضروریات پوری کرتا ہے بلکہ برآمد کے لیے فاضل پیداوار فراہم کرتا ہے۔

اپنی بے پناہ صلاحیتوں کے باوجود زراعت کا شعبہ پاکستان کی معیشت میں محدود کردار ادا کرتا رہا ہے جس کی وجہ چند دیرینہ مسائل ہیں۔اس سلسلہ میں ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ پیداوار سے لے کر مارکیٹ میں فروخت کے عمل کی دستاویزات کی عدم موجودگی ہے۔مزید برآں چھوٹے کاشتکاروں کے لیے قرضہ کا حصول مشکل ہے کیونکہ ان کے پاس گروی رکھنے والی اشیاء کی عدم دستیابی ہے جو بینکوں کے لیے قابل قبول ہوتی ہیں، جس کے نتیجہ میں وہ بینکوں کے بجائے مہاجنوں سے قرضہ لینے پر مجبور ہوتے ہیں یا اپنی پیداوار آڑھتیوں کو سستے داموں بیچ کر اپنی مالی ضروریات پوری کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ مناسب منافع کمانے سے محروم ہو جاتے ہیں۔

مندرجہ بالا مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت پاکستان سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی سربراہی میں مختلف متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر ملک میں الیکٹرانک ویئر ہاؤس رسید (ای ڈبلیو آر) کا نظام قائم اور نافذ کرنے پر عمل کر رہی ہے۔ یہ نظام ملک میں پیدا ہونے والی ایگری کلچرل کموڈٹیز کی مقامی مارکیٹ قائم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ یہ ابتداء ملک میں ایگری کلچر سیکٹر کی کارکردگی بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوگا جس کے ذریعے ملک کی معیشت ترقی کرے گی اور غربت ختم کرنے میں مدد ملے گی۔

تجویز کردہ طریقہ کار کے تحت ای ڈبلیو آر کاشتکار کو تین مواقع فراہم کرے گی:

۱) اپنی فصل کی محفوظ طریقہ سے ذخیرہ کرنے سے فصل کی کٹائی کے بعد کے نقصان سے بچاؤ اور قیمتوں میں گراوٹ سے حفاظت۔

۲) پی ایم ای ایکس کے پلیٹ فارم پر ای ڈبلیو آر کی ٹریڈنگ سے فصل کی مناسب قیمت پر فروخت۔

۳) ای ڈبلیو آر کو بطور رہن رکھ کر مالیاتی اداروں سے قرضوں کا حصول۔ یہ نظام کاشتکاروں کو روایتی مالیاتی اداروں سے مناسب شرح سود پر قرضہ حاصل کرنے میں مدد دے گا اور شدید دباؤ کے تحت فصل کی فروخت سے بچنے اور منافع کمانے کا موقع دے گا۔

اس بات کی توقع ہے کہ ملک میں ای ڈبلیو آر سسٹم کا تعارف ملک کے زرعی منظرنامے میں انقلابی تبدیلیاں لائے گا اور اس سے ایگری کلچر ویلیو چین کے تمام شرکاء کو بے شمار فائدے حاصل ہوں گے۔

اس نظام سے حکومت کو زرعی شعبہ میں دستاویزات کی تیاری میں مدد ملے گی اور خوراک میں خودکفالت کا حقیقی ہدف حاصل کرنا ممکن ہو سکے گا۔اس سے ملک میں ٹیکس نیٹ بڑھانے میں مدد ملے گی۔اس کے دیگر نمایاں فوائد میں زرعی مصنوعات کے معیار کی تصدیق اور گریڈنگ اور فصل کی کٹائی کے بعد ہونے والے نقصانات میں کمی شامل ہے۔

مزید برآں محفوظ کی جانے والی مصنوعات کی برآمد سے اضافی زرمبادلہ کمانے میں مدد ملے گی۔

# مندرجات


۱ پی ایم ای ایکس کی جانب سے ایگری کلچرل کموڈٹیز کی ٹریڈنگ میں انقلابی تبدیلیاں

۲ پی ایم ای ایکس میں چیف آپریٹنگ آفیسر کی تقرری

۳ پی ایم ای ایکس کی جانب سے ایم ٹی 5 کی مکمل سہولیات کا تعارف

۴ پی ایم ای ایکس میں ڈیجیٹل پیمنٹ سروس کا تعارف

۵ آگاہی پروگرامز

۶ پی ایم ای ایکس کی ملازمت کی مہم میں شرکت

۷ سرکلرز اینڈ نوٹیفکیشنز

۸ دس سرفہرست بروکرز

۹ پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں

۱۰ اشیا کی قیمتوں کا رجحان


## پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)


ہیڈ آفس: B-3، تھرڈ فلور، بحریہ کمپلیکس IV، چوہدری خلیق الزماں روڈ، گزری، کراچی۔ 75600، پاکستان
کراچی: 623-623-111 (21-92+)
فیکس: 022-35155 (21-92+)
ای میل: info@pmex.com.pk

اسلام آباد آفس: آفس نمبر جی۔۹ (بی)، آئی ایس ای ٹاور، جناح ایونیو، بلوایریا، اسلام آباد، پاکستان
اسلام آباد: 4-2894003 (51-92+)

لاہور آفس: آفس نمبر 01، P2 فلور، علی ٹاور، B2-105، ایم-ایم عالم روڈ، گلبرگ 3، لاہور، پاکستان
لاہور: 6-35752825 (42-92+)

کسٹمر سپورٹ سروسز
UAN: (+92-21) 111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk

## پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)

پاکستان کا پہلا اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔اس کے شیر ہولڈرز میں نیشنل بنک آف پاکستان (این بی پی)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس)، آئی ایس ای ٹاورز ریٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ، ایل ایس ای فنانشل سروسز لمیٹڈ، پاک برونائی انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ، زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ اور پاک کویت انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ شامل ہیں۔ ایکسچینج متنوع مقامی اور انٹرنیشنل کموڈٹیز اور فنانشل فیوچرز ٹریڈنگ کے لئے پیش کرتا ہے۔ اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پر مشتمل ایک انتہائی جدید انفرااسٹرکچر کے ذریعے مکمل سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے فراہم کی جاتی ہیں جس میں ٹریڈنگ، کلئیرنگ اینڈ سیٹلمنٹ، کسٹوڈی اور بیک آفس شامل ہیں۔ پی ایم ای ایکس مختلف بین الاقوامی ایسوسی ایشنز سے وابستہ ہے جس میں ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹ (اے ایف ایم) اور فیوچرز انڈسٹری ایسوسی ایشن (ایف آئی اے) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ پی ایم ای ایکس بورسا استنبول، ازمیر کموڈٹی ایکسچینج، دبئ گولڈ اینڈ کموڈٹی ایکسچینج (ڈی جی سی ایکس)، ڈالین کموڈٹی ایکسچینج، ایران مرکنٹائل ایکسچینج (آئی ایم ای) اور بیلاروشین یونیورسل کموڈٹی ایکسچینج کے ساتھ مفاہمتی معاہدے بھی کر چکا ہے۔





### اہم وضاحت

اس نیوز لیٹر میں فراہم کی جانے والی معلومات کا بنیادی مقصد قارئین میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔ نہ تو یہ کسی قسم کی پیش کش ہے نہ ہی اس کا مقصد انکو کموڈٹی فیوچرز میں سرمایہ کاری کی ترغیب دینا ہے جو خطرہ سے مبرا نہیں۔ اس میں بیان کردہ خیالات، اظہار یا رائے کا مقصد پڑھنے والوں کو صرف معلومات فراہم کرنا ہے۔

پی ایم ای ایکس کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کی پبلیکیشن
ڈیزائن: d.Studio
پرنٹر: ایپل ٹری گرافکس

شمارہ ۲۸ جولائی۔دسمبر ۲۰۲۰

# پلس
نیوزلیٹر




PAKISTAN
MERCANTILE
EXCHANGE
PMEX

YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE